میاں عامر محمود
روزنامہ دنیا کراچی

نیشنل بینک کے نئے صدر کی تعیناتی پر سرمایہ کاروں کا خیر مقدم

کراچی (دنیا بزنس ڈیسک) نیشنل بینک آف پاکستان میں اعلیٰ سطح پر تبدیلی کا ملک بھر میں سرمایہ کاروں نے خیر مقدم کیا ہے۔ نئے صدر کی تعیناتی کے بعد اسٹاک مارکیٹ میں نیشنل بینک کے حصص کی قیمتوں میں اضافہ اس بات کا واضح اشارہ ہے۔ وفاقی حکومت نے ڈاکٹر آصف اے بروہی کو نیشنل بینک آف پاکستان کا چیف ایگزیکٹو آفیسر اور صدر مقرر کرنے کا اعلان کیا تھا۔ سرمایہ کاروں کے مطابق بینک کے ایک مستقل رکن کو اس کے اعلیٰ ترین عہدے پر تعینات کرنے سے ان کا بینک پر اعتماد بڑھا ہے۔ ڈاکٹر آصف بروہی 1984 سے نیشنل بینک سے منسلک ہیں اور بینک کا صدر مقرر ہونے سے قبل چیف آپریٹنگ آفیسر اور ریٹیل و کمرشل گروپ بینک کے سربراہ کی حیثیت سے اپنے فرائض انجام دے رہے تھے۔